LAHORE

BUILDING CONTROL BRANCH

(SURVEYOR SECTION)

پلاٹ نمبر:　　　　　　　　سیکٹر:　　　　　　　　فیز:

## گھر کی تعمیر کے دوران مالکان سے سرزد ہونے والی عام خلاف ورزیاں (Violations)

1۔ گھر میں رہائش اختیار کرنے سے پہلے ڈی ایچ اے کی اجازت لازمی ہے، بغیر اجازت رہائش اختیار کرنے کی صورت میں جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔

2۔ چھتوں کی کنکریٹ کے لئے شٹرنگ اور فولڈنگ سٹیل کی استعمال ہوگی ورنہ چھت ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

3۔ ڈرائنگ کی منظوری سے پہلے تسلی کر لیں کہ بجلی/ ٹیلیفون کے کھمبے اور ڈسٹر پیوشن بکس مین گیٹ کے سامنے نہ ہوں۔

4۔ عمارت کی کل بلندی سڑک کی نسبت سے '35 سے زیادہ نہ ہو۔

5۔ گھر کی چار دیواری پر بجلی کی باڑ (Electric Fence) لگانے سے پہلے ہمسایوں کے تعمیر شدہ یا زیر تعمیر گھروں سے NOC لینا ضروری ہے۔ NOC کے بغیر بجلی کی باڑ (Electric Fence) لگانے کی صورت میں Water/Sewer کا کنکشن مہیا نہیں کیا جائے گا۔ (NOC For Electric Fence) کا Specimen ڈی ایچ اے کی ویب سائیٹ یا مین آفس سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

6۔ بیسمنٹ کے کمروں کی اونچائی کم سے کم '9 اور زیادہ سے زیادہ '10 ہونی چاہیئے جبکہ گراؤنڈ/ فسٹ فلور کے کمروں کی کم سے کم اونچائی "6-'9 اور زیادہ سے زیادہ اونچائی '12 ہونی چاہیے۔

7۔ مخصوص شدہ کلئیر سپیس میں سنکن ایریا کے ساتھ پیسج (Passage) "6-'2 باقی بچنا چاہئے۔

8۔ منظور شدہ ڈرائینگ سے تعمیر میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہے۔

9۔ بیسمنٹ فلور اگر ڈرائینگ میں منظور شدہ ہے تو اس کی کھدائی کو کلئیر سپیس تک نہ بڑھائیں۔

10۔ مخصوص شدہ کلئیر سپیس میں واش بیسن/ سنک، پرندوں کے پنجرے اور کسی بھی قسم کی تعمیر ممنوع ہے۔

11۔ گارڈ روم اگر ڈرائینگ میں پاس ہے تو اس کا سائز '6 x '6 سے زیادہ نہ ہو۔ کسی بھی صورت میں احاطے سے باہر گارڈ روم بنانے کی اجازت نہیں ہے۔

12۔ سن شیڈ کو ٹیرس سے نہ ملایا جائے اور نہ ہی اسے بطور راستہ استعمال کیا جائے نیز سن شیڈ پر فینس/ ریلنگ بھی منع ہے (کارنر پلاٹ کے علاوہ)۔

13۔ سن شیڈ پر کسی بھی قسم کی تعمیر منع ہے۔

14۔ گھر کے وکٹ گیٹ کی چوڑائی "6-'3 سے زیادہ نہ ہو اور منظور شدہ ڈرائینگ کے مطابق ہو۔

15۔ کار پورچ کی لمبائی '18 سے زیادہ اور '12 سے کم نہیں ہونی چاہئے اور کار پورچ کے کالم منظور شدہ ڈرائینگ کے مطابق بننے چاہئے۔

16۔ سرونٹ کوارٹر کا ایریا 100 Sft سے کم نہ ہو اور کسی بھی کمرے کی دیوار کی پیمائش '9 سے کم نہ ہو نیز داخلی راستے کی چوڑائی '3 سے زائد نہ ہو۔

17۔ فسٹ فلور پر تعمیر شدہ سرونٹ کوارٹر کے داخلی راستے کے سامنے '7 اونچی پردہ وال ہونی چاہئے اور سرونٹ کوارٹر کے روشن دان یا کھڑکی کا سل لیول فرش سے '7 سے کم نہیں ہونا چاہئے۔

18۔ مخصوص شدہ کلئیر سپیس اجازت شدہ حد سے کم نہ ہو، مخصوص کی گئی کلئیر سپیس میں راکری/ آبشار بنانے کی اجازت نہیں ہے اگر بنانا چاہیں تو مشترکہ باؤنڈری وال سے "6 کے فاصلے پر بنائیں۔

19۔ ممٹی یا مشین روم کا ایریا اجازت شدہ سے بڑھنا نہیں چاہئے۔

20۔ مخصوص شدہ کلئیر سپیس میں شیڈ کی چوڑائی "0-'2 سے زیادہ نہ ہو اور ڈرائینگ میں منظور شدہ ہو۔

21۔ پرگولا کا 50% حصہ اوپن ٹو سکائی ہونا چاہیے اور کسی بھی قسم کے میٹیریل سے کور نہ کیا جائے۔

22۔ گھر کی بیرونی دیوار کے ساتھ پھولوں کی کیاری کی چوڑائی '2 سے زیادہ نہ ہو اور کیاری کی اونچائی تک واٹر پروفنگ ہونی چاہیئے۔

23۔ گھر کے باہر لان (Berm Area) اور ڈرائیو وے سڑک کے کنارے سے نیچے ہونے چاہئیں اور ان کی ڈھلوان '5 سے زیادہ نہیں ہونی چاہئے۔

24۔ گھر کے باہر لان (Berm Area) اور ڈرائیو وے کے ساتھ باڑ لگانے (Hedging)/ اینٹوں کی بنی ہو (Edging) یا پھولوں کے گملے رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔

25۔ سائیڈ اور پچھلی کلئیر سپیس، کار پورچ یا ٹیرس پر جنریٹر رکھنا منع ہے۔

26۔ جنریٹر سیٹ کو بجلی کے بنیادی ذرائع کے طور پر استعمال نہ کیا جائے، صرف واپڈا کی طرف سے منقطع کئے جانے پر استعمال کیا جائے اور نہ ہی اسے سوئی گیس پر چلایا جائے۔

27۔ سپٹیک ٹینک اور انڈر گراونڈ واٹر ٹینک فرنٹ سائیڈ پر کامن باونڈری وال سے 3 فٹ کے فاصلے پر RCC کے بنائے جائیں گئے۔

PTO


28- کنسٹرکشن کے دوران ملبہ ملحقہ پلاٹوں میں پھینکنا منع ہے ورنہ کام روک دیا جائے گا۔ ملبہ گھر کے اندر ہی جمع کریں یا فرنٹ دیوار کے ساتھ رکھیں اور ملبہ ساتھ ساتھ اٹھوانے کے لیے اپنے سیکٹر کے Maintenance آفس کو آگاہ کریں۔

29- گھر کی مرمت/تزئین و آرائش ڈی ایچ اے کی اجازت کے بغیر نہ کی جائے۔

30- گھر سے باہر ڈرائیو وے پر "3 x "3 سائز کی نالی (Water Channel) بنائی جائے جس میں پانی کا اخراج گھر میں موجود سیپٹک ٹینک کے ذریعے گھر سے باہر مین ہول میں ہو۔

31- گھر سے باہر ڈرائیو وے کے نیچے '3 گہرائی پر "6 ڈایا کا HDPE پائپ Telecommunication کی سروسز کے لیے ڈالنا ہے جو کہ ریمپ کے دونوں طرف سے '2 تک باہر ہو۔ **(Ramp Detail Sketch attached)**

# RAMP DETAIL




32- کنسٹرکشن میٹریل ملحقہ پلاٹوں یا برم ایریا میں نہ پھینکا جائے ورنہ کام روک دیا جائے گا۔ ناگریز حالات میں خالی ملحقہ پلاٹ میں کنسٹرکشن میٹریل رکھنے کی پیشگی اجازت ضروری ہے۔ اور کنسٹرکشن میٹریل کے لیے استعمال ہونے والے خالی پلاٹ کی اوپن سائیڈ کو '6 اونچائی تک سبز کپڑے سے کور کرنا ضروری ہے بصورت دیگر کام روک دیا جائے گا۔

33- 10 مرلہ اور اس سے کم کے پلاٹ میں کامن وال کی واٹر پروفنگ کرنا دونوں اونرز کے لئے ضروری ہے۔

34- کامن باؤنڈری وال کے ساتھ کسی قسم کا پائپ یا واٹر ٹیپ لگانا منع ہے۔

35- اگر ساتھ گھر بنا ہے تو سائیڈوں پر پردے کے لئے سنتھیٹک کلاتھ (Senthetic Cloth) لگائیں، نہ لگانے پر کام روک دیا جائے گا۔

36- رہائشی گھروں میں کسی بھی فلور پر انٹر فلور بنانے کی اجازت نہیں ہے۔

37- ٹمپریری سیوریج (Temporary Sewerage) اوپن کروانے کے لیے ڈی ایچ اے سٹاف کے وزٹ کے بعد متعلقہ مینٹینس برانچ (Maitinance Branch) رابطہ کر کے سیوراوپن کروائیں۔ اپنے طور پر سیورا اوپن کرنے کی بلکل اجازت نہیں ہے۔ خود سے سیوریج اوپن کرنے کی صورت میں /15,000 جرمانہ ادا کرنا پڑے گا۔

38- اگر کوئی ممبر گھر میں سولر سسٹم لگانا چاہتا ہے تو وہ لگانے سے پہلے DHA Building Contrlol Branch سے اجازت لے گا۔

**نوٹ:**

1- (گھر کا کام شروع کرنے سے پہلے (ڈی ایچ اے) کے متعلقہ سرویئر کی موجودگی میں پلاٹ کا لے آؤٹ کیا جائے ورنہ مالک ذمہ دار ہوگا)۔

2- موقع پر پلاٹ سائیٹ پلان کے مطابق پورا ہے۔ میں مستقبل میں اس بارے میں کوئی اعتراض نہیں کروں گا۔

Owner's Signature: ________________________

Date: ____________________